© rasailojaraid.com

نقد و نظر

غایۃ الامکان فی معرفۃ الزمان والمکان

تصنیف : شیخ تاج الدین محمود بن خداداد اشنوی

تصحیح و تعلیقات و مقدمہ : نذر صابری

شائع کردہ : مجلس نوادرات علمیہ - اٹک، کیمبل پور

صفحات ۸۸ - طباعت، کاغذ، عمدہ - قیمت درج نہیں -

شیخ تاج الدین محمود بن خداداد اشنوی، ایک نامور بزرگ گزرے ہیں، جو ۵۵۰ھ کے لگ بھگ پیدا ہوئے اور ۶۱۹ھ اور ۶۲۹ھ کے درمیانی عرصے میں فوت ہوئے - یہ بہت بڑے عالم، صوفی اور فلسفی تھے - ان کی تصنیفات میں سے ایک کتاب "غایۃ الامکان فی معرفۃ الزمان والمکان" ہے، جو فارسی زبان میں ہے اور اپنے موضوع کی نہایت اہم کتاب ہے -

اس کتاب کے خطی نسخے پاکستان، ہندوستان، مصر، ایران، ترکی اور لندن کی لائبریریوں میں موجود ہیں - اس کا ایک نسخہ مولانا محمد علی مکھڈی کی ذاتی لائبریری میں بھی ہے جو پروفیسر نذر صابری (گورنمنٹ کالج اٹک) کو مولانا ممدوح کی کتابوں کی فہرست مرتب کرتے وقت دستیاب ہوا -

نذر صابری کا شمار پاکستان کے معروف محققوں اور اصحابِ نظر حضرات میں ہوتا ہے - ان کو یہ کتاب ملی تو نہایت خوش ہوئے اور بہت محنت سے اس کو ایڈٹ کرکے شائع کیا - کتاب پر انھوں نے بہت ہی معلومات افزا مقدمہ تحریر کیا ہے اور اس کے مختلف نسخوں کی نشان دہی کی ہے - یہ کام کوئی صاحبِ نظر ہی کر سکتا تھا اور صابری صاحب نے واقعہ یہ ہے کہ یہ ایک اہم علمی خدمت انجام دی ہے -

اس کتاب میں زمان و مکان کے مسئلے پر بحث کی گئی ہے - اس کی ماہیت، زمان و مکانِ الٰہی کے تصور کی شرعی حیثیت اور خدا شناسی و خود آگہی میں معرفتِ امکنہ و ازمنہ کے کردار پر تفصیل

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

سے روشنی ڈالی گئی ہے۔

یہ ایک ایسا مسئلہ ہے، جس کو متعدد اصحابِ علم نے موضوعِ گفتگو ٹھہرایا ہے، لیکن شیخ تاج الدین محمود کا اسلوبِ بیان بہت ہی صاف اور عمدہ ہے۔

کتابت ٹائپ میں شائع ہوئی ہے اور کاغذ، طباعت شان دار ہے۔ ہمارے قارئین کرام کو اس سے استفادہ کرنا چاہیے۔ مقدمہ کتاب میں پروفیسر نذر صابری صاحب نے مصنفِ علام اور کتاب کے بارے میں تفصیل سے لکھا ہے۔

(بقیہ تاثرات)

۷۔ آبِ کوثر: ڈاکٹر شیخ محمد اکرام کی تصنیف ہے۔

۸۔ رودِ کوثر: یہ بھی شیخ صاحب مرحوم کی تصنیف ہے۔

۹۔ موجِ کوثر: یہ بھی مرحوم ہی کی تصنیف ہے۔ یہ تینوں کتابیں، اپنے موضوع میں بہت شان دار ہیں اور کئی مرتبہ چھپ چکی ہیں۔

۱۰۔ امام ابوحنیفہ: یہ مولانا شبلی نعمانی کی "سیرۃ النعمان" کا انگریزی ترجمہ ہے، جو جناب ہادی حسین صاحب نے کیا ہے۔ اپنے محتویات کے اعتبار سے یہ کتاب لائق مطالعہ ہے۔

۱۱۔ کرائمز اینڈ پنشمنٹ ان اسلام: یہ بھی انگریزی میں ہے اور ادارہ ثقافتِ اسلامیہ کے سابق ڈائریکٹر ایم ایم شریف مرحوم کی تصنیف ہے۔

© rasailojaraid.com